## سوال

غیر مسلم کےلیے قرآن مجید کا تعویذ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غیر مسلم کوایسا تعویذ دینا جائز ہے جس میں قرآن مجید کے الفاظ بسم اللہ وغیرہ ہوں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سے پرہیز چاہیے حدیث میں ہے کہ دشمن کی زمین میں قرآن مجید نہ لے جاؤ۔ ایسا نہ ہو وہ اسکی بے ادبی کرے اور آیت کریمہ :

لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا ٱلْمُطَهَّرُونَ --سورة79

''جسے صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں''

میں اسکی مؤید ہے کہ کافر کا ہاتھ قرآن مجید کو نہیں لگنا چاہیے میرا عمل اسی پر ہے آیت کی بجائے اس کا ترجمہ لکھ کر دیتا ہوں یا کچھ اور۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اہلحدیث

## کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص201